23/01/2025

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

کابینہ سب کمیٹی

ریزرویشن کے ضوابط سے متعلق کابینہ کی سب کمیٹی نے موجودہ ریزرویشن پالیسی کے مختلف
پہلوو

ں پر خواہشمند امیدواروں اور طالب علموں کی طرف سے ظاہر کئے گئے خدشات کا جائزہ لیا ۔ کابینہ سب کمیٹی کی ﺉ
میٹنگ صحت اور طبی تعلیم کی وزیرسکینہ ایتو کی قیادت میں جموں میں منعقد ہوئی جس میں کمیٹی کے دیگر ارکان بھی
موجود تھے ۔

امیدواروں کے تحفظات کی چارہ جوئی کے لئے سرکار نے گذشتہ ماہ یہ سب کمیٹی تشکیل دی تھی ، جو اپنی رپورٹ وزیر
اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والی وزیروں کی کونسل کو سونپ دے گی ۔

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر سرکار تمام خطوں کی مساوی ترقی خاص طور پر دور افتادہ علاقوں
اور پسماندہ طبقوں کی فلاح و بہبود کےلئے کار بند ہے۔

وزیر اعلیٰ سول سیکریٹریٹ جموں میں ان سے ملنے آئے کئی وفود سے بات کر رہے تھے ، جنہوں نے اپنے مسائل ا ن کی
نوٹس میں لائے۔ عمر عبداللہ نے سبھی وفود کے مسائل غور سے سنے۔

راجوری

راجوری ضلع کے بڈّہال
گاو

ں میں پُر اسرار اموات اور بیماری کے معمے کو حل کرنے کے لئے وسیع پیمانے پر تحقیقات جاری ہے۔ علاقے میں ﺉ
مرکز کی ایک بین وزارتی تحقیقاتی ٹیم موجود ہے جبکہ پولیس بھی اس معاملے کی چھان بین میں لگی ہوئی ہے ۔

علاقے میں مزید تین افراد پر اسرار بیماری کے شکار ہو گئے ہیں جنہیں علاج کے لئے اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے ۔

سبھاش چندر بوس

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نیتا جی سبھاش چندر بوس کو ان کی جنم جینتی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ سوشل میڈیا کی الگ الگ پوسٹس میں اِن لیڈروں نے بھارت کی تحریک آزادی میں نیتا جی کی خدمات کو بے مثال قرار دیا ہے ۔

انہوں نے کہا ہے کہ آنجہانی کا نظریہ ہمیں ایک مضبوط ، متحد اور خود انحصار بھارت کی تعمیر کے لئے تحریک بخشتا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین نے وَن ڈسٹرکٹ وَن پروڈکٹ پہل کے تحت کشمیر ہاٹ میں قائم کئے جا رہے ڈسٹرکٹ ایکسپورٹ ہب پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے متعلقہ افسروں کو ایک آرٹ گیلری اور نمائشی سٹالوں کو قائم کرنے کے لئے ضروری اقدام کرنے کی ہدایت دی ۔

DCs

ڈپٹی کمشنربارہمولہ منگا شیر پا نے ضلع پولیس لائنز کا دورہ کر کے وہاں منعقد ہونے والی یوم جمہوریہ کی ضلع سطح کی تقریب کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا ۔

اُدھر ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے زراعت ، باغبانی ، پشو پالن اور بھیڑ پالن کے محکموں کی ایک میٹنگ میں ضلع میں کام کر رہے کسان خدمت گھروں کے کام کاج کے علاوہ کاشت کاروں کے اِندراجات کا جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سودن نے میونسپل کمیٹی ہندواڑہ کے خاکروبوں ، ڈرائیوروں اور دیگر عملے میں وردیاں تقسیم کیں ۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ایک صحت مند ماحول بنائے رکھنے کے لئے صفائی کرمچاریوں کی سراہنا کی ۔

اضلاع

ضلع انتظامیہ کپواڑہ نے ایک میٹنگ کے دوران مشن یواسے متعلق جاری سروے کے بارے میں اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ تا حال 81 فیصد سروے کو مکمل کیا گیا ہے ۔

سرینگر ، بانڈی پورہ اور کولگام میں متعلقہ ضلع لیگل سروسز اتھارٹیوں کی جانب سے اَنڈر ٹرائیل جائزہ کمیٹیوں کی میٹنگیں منعقد کی گئیں ۔ ان میٹنگوں کا مقصد اَنڈر ٹرائیل قیدیوں کی منصفانہ اور تیز تر سماعت کو یقینی بنانا تھا ۔

وادی کے مختلف اضلاع میں کل بلاک دِوس کے پروگرام منعقد کئے گئے ۔ گاندربل ، بانڈی پورہ، بارہمولہ اور شوپیان میں متعلقہ ڈپٹی کمشنروں کی قیادت میں منعقد بلاک دِوس کے پروگراموں کے دوران عوام کے مسائل کی سنوائی کی گئی ۔

تجاویز

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

اطلاع

گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں مختلف اسکیموں کے تحت ڈیٹا اینٹری آپریٹروں اور ڈیٹا منیجر کی اسامیوں کے لئے ٹیسٹ 25 جنوری کو لیا جائے گا - Typing

کے ایڈمنسٹریٹیو بلاک میں حاضر ہو جائیں - GMCمتعلقہ امیدواروں سے کہا گیا ہے کہ اس دن صبح ساڑھے نو بجے

کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز

لداخ میں آج سے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا آغاز ہو رہاہے - پانچ روز تک جاری رہنے والی وِنٹر گیمز کے اس ایڈیشن میں مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی نو ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں -

کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز کے اس ایڈیشن میں آئس ہاکی اور آئس سکیٹنگ کے مقابلے ہوں گے - دوسرے ایڈیشن کی میزبانی 22 سے 25 فروری تک جموں کشمیر کرے گا -

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا -

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****